بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَحَلَّ اللّٰہُ الْبَیْعَ وَ حَرَّمَ الرِّبٰوا

اسلامی بینکاری

تعارف وطریقۂ کار

مؤلف

مفتی محمد سلمان مظاہری وانمباڑی

ناظم مرکز الاقتصاد الاسلامی، انڈیا

ناشر:

شعبۂ نشر واشاعت

مرکز الاقتصاد الاسلامی (انڈیا)

تقریظ

حضرت اقدس مولانا مفتی مجد القدوس خبیب رومی صاحب دامت برکاتہم

مفتی مدرسہ مظاہر علوم وقف سہارنپور، مؤسس مجمع الفقہ الحنفی الھند

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علی رسولہ الکریم اما بعد

عزیزم مفتی محمد سلمان صاحب مظاہری سلمہ نے غیر سودی بینکاری سے متعلق جو کتاب ''اسلامی بینکاری تعارف وطریقۂ کار'' مرتب کی ہے احقر نے تقریباً بالاستیعاب دیکھی، اس کتاب کی تصدیق وتوثیق ہمارے مرکزی دینی اداروں کے معتمد ومستند مفتیانِ کرام نے فرمائی ہے جو اس کے اعتماد واستناد کے لیے کافی وافی ہے۔

احقر کی رائے میں یہ کتاب اس لائق ہے کہ فضلائے دینی مدارس اور طلبۂ تکمیل فقہ وافتاء کو اس فن سے مناسبت رکھنے والے استاذ کی نگرانی میں اس کا باقاعدہ مطالعہ کرایا جائے۔

احقر مجد القدوس خبیب رومی عفا اللہ عنہ
مفتی مدرسہ عربی مظاہر علوم سہارنپور
مؤسس مجمع الفقہ الحنفی الہند
۱۷ ر شعبان المعظم ۱۴۳۵ھ